© rasailojaraid.com



خطباء وائمہ حضرات کے لئے مؤلف کی طرف سے یہ کتاب ایک بہترین تحفہ ہے اور خطبہ جمعہ کی تیاری میں یہ کتاب بہت ہی ممد ومعاون ثابت ہوگی۔ ہر خطیب کا پاس اس کتاب کا موجود ہونا ضروری ہے تاکہ ہر جمعہ کے موقع پر اس کے پاس عوام وخواص کے سامنے بیان کرنے کے لئے معلومات آفریں مواد موجود ہو۔

---

نام کتاب: الفقہ فی السند (فقہاء سندھ اور انکی فقہی خدمات) تصنیف: مولانا اللہ بخش ایاز ملکانوی

ضخامت: ۳۱۴ صفحات قیمت: ۳۵۰ روپے ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ

مولانا اللہ بخش ایاز ملکانوی سراج العلوم عیدگاہ لودھراں کے صدر مدرس اور مولانا محمد یوسف بنوری کے تلمیذ رشید ہیں۔ مولانا ملکانوی ایک لائق مدرس، شفیق مربی، متواضع وخاکسار انسان ہیں، بعض روایتی علماء کی طرح نہ تو یبوست سے ان کا خمیر اٹھا ہے اور نہ وہ اپنے اوپر مسکنت وعاجزی طاری کیئے رکھنے کے قائل ہیں، وہ بزرگ بھی ہیں اور دوست بھی، شفیق بھی ہیں اور رفیق بھی، معلم بھی ہیں اور مربی بھی، مصنف بھی ہیں، مدرس بھی۔

پیش نظر کتاب مولانا ملکانوی نے جامعہ اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی میں تخصص فی الفقہ کے دوران علامہ مولانا یوسف بنوری کے زیر نگرانی مقالہ کے طور پر لکھی تھی۔ کتاب کیا ہے؟ علم وادب، تاریخ وتذکرہ، تعارف کتب اور فقہ وفقہاء کے حوالے سے ایک عظیم انسائیکلوپیڈیا اور شہ کارہ تاریخی شہ پارہ ہے۔ اس کتاب میں مؤلف نے سندھ میں اسلامی حکومت کے آغاز، سندھ کے قدیم شہروں کا تعارف سندھ کے حکمرانوں کی تاریخ، فقہ کی مختصر تاریخ اور فقہ حنفی کی تدوین، سندھ میں فقہی وعلمی خدمات سرانجام دینے والے فقہاء کرام کا تعارف شامل ہے۔

مولانا ملکانوی نے قابل قدر اور قابل رشک مواد جمع کر کے امت کے حضور پیش کر دیا ہے۔ مولانا حقانی علم پرور اور باذوق انسان ہیں، کام کے آدمی اور علمی کام کی قدر کرتے ہیں، یہ کتاب شائع کر کے مولانا حقانی نے جہاں مولانا ملکانوی کی دیرینہ آرزو کی تکمیل کی ہے، وہاں اپنے قدر شناس ہونے کا اہم ثبوت بھی فراہم کیا ہے، ہمارے خیال میں اس موضوع پر اتنی جامع کتاب اس سے پہلے منظر عام پر نہیں آئی۔ علماء سابقین پر لکھنا آسان کام نہیں، مولانا شبلی نعمانی فرمایا کرتے تھے، یہ چیونٹیوں کے منہ سے شکر کے دانے جمع کر کے مٹھائی تیار کرنے والی بات ہے۔

کتاب لائق مطالعہ اور اپنے مضامین کے لحاظ سے جامع اور علمی حلقوں کیلئے بہترین تحفہ ہے۔ القاسم اکیڈمی یہ عظیم سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد کے قابل ہے۔ ہم قارئین الحق کو اس کتاب کے مطالعے کا مشورہ دیتے ہیں۔ کتاب پڑھیں اور استفادہ کریں۔

---

© rasailojaraid.com